تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے جاری کردہ بیان میں نیشنل پارٹی کیچ کے فنانس سیکرٹری عارف سلیم کے گھر پر دستی بم حملے پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے میں عارف سلیم بلوچ اور ان کے کزن نعیم بلوچ شدید زخمی ہوئے، سیاسی کارکنوں پر حملہ انتہائی قابل مذمت اور تشویشناک ہے۔ نیشنل پارٹی اس بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ عارف سلیم بلوچ ایک متحرک، پرامن اور نظریاتی سیاسی کارکن اور کاروباری شخص ہیں جنہوں نے ہمیشہ جمہوری جدوجہد اور عوامی حقوق کے لیے آواز بلند کی۔ ایسے منفی اور پرتشدد اقدامات سے سیاسی کارکنوں کو ہرگز مرعوب نہیں کیا جاسکتا۔ دریں اثنا نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے نیشنل پارٹی تربت کے فنانس سیکرٹری عارف سلیم کے گھر پر ہونے والے گرنیڈ حملے کو بلوچستان میں جاری خطرناک برادر کشی کے سلسلے کی کڑی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سنگین کھیل اگر فوری طور پر نہ روکا گیا تو اس کے تباہ کن اثرات پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیں گے۔

## دوبارہ گنتی میں بھاری اکثریت سے کامیابی عوام کی تاریخی فتح ہے، علی حسن زہری

**عوام نے منفی پروپیگنڈے اور الزامات کو مسترد کر کے ثابت کر دیا کہ وہ ترقی کی سیاست کے ساتھ ہیں**

حب (آن لائن) حلقہ پی بی 21 حب میں دوبارہ گنتی کے عمل کے بعد بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرنے پر میر علی حسن زہری نے اللہ تعالی کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے حب کے عوام کی تاریخی فتح قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ یہ کامیابی کسی ایک فرد کی نہیں بلکہ حب کے باشعور عوام کے اعتماد، حوصلے اور حق کے ساتھ کھڑے ہونے کا نتیجہ ہے۔ عوام نے منفی پروپیگنڈے اور بے بنیاد الزامات کو مسترد کر کے ثابت کر دیا کہ وہ ترقی، خدمت اور دیانت کی سیاست کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھوتانی برادران نے ذاتی مفادات کی خاطر ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹیں ڈالنے اور مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی مگر حب کے لوگوں نے ایسے تمام حربے ناکام بنا دیئے۔ عوام اب اچھے اور برے کی پہچان رکھتے ہیں اور وہی فیصلہ کرتے ہیں جو حلقہ اور آنے والی نسلوں کے مفاد میں ہو۔

AZADI QUETTA

## جبری گمشدگیوں کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے، بساک

**طلبہ کو درپیش عدم تحفظ کی فضا حد درجہ لمحہ فکریہ ہے، مرکزی بیان**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میں کئی دہائیوں سے جاری جبری گمشدگیوں کا سلسلہ تھمنے کے بجائے وقت کے ساتھ ساتھ مزید شدت اختیار کرتا جارہا ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ حکومت کے نزدیک جبری گمشدگیاں کوئی سنجیدہ مسئلہ ہی نہیں ہیں۔ ایک جانب عالمی سطح پر (بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 7 پر)

اسکالرشپس اور تعلیم کی فراہمی کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے ہیں، تو دوسری جانب بلوچ طلبہ کو اس سنگین صورتحال کا سامنا ہے کہ وہ آئے روز جبری گمشدگیوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ بلوچستان کے طلبہ کثیر الطبقی چیلنجز اور مسائل کی زد میں ہیں۔ جہاں انہیں جامعات میں اکیڈمک کریک ڈاؤن، ہراساں کیے جانے اور تعصب کا نشانہ بنایا جاتا ہے، وہیں ہاسٹلز اور نجی رہائش گاہوں پر بلاجواز چھاپے مار کر انہیں جبری طور پر لاپتہ کیا جارہا ہے۔ یہ اقدامات بلوچستان میں غیر یقینی اور خوف و ہراس کی فضاء پیدا کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔ گزشتہ چند دنوں میں ان واقعات میں تشویشناک حد تک تیزی آئی ہے، جو تاحال کسی روک ٹوک کے بغیر جاری ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ بلوچ طلبہ کو ان کے سیاسی و سماجی شعور اور علم دوستی کی پاداش میں جبر کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ پچھلے کچھ دنوں سے اسلام آباد اور پنجاب کے تعلیمی اداروں میں طلبہ کی پروفائلنگ میں مزید تیزی آئی ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کے ہاسٹلز میں مارے جانے والے چھاپے طلبہ میں عدم تحفظ کی فضاء پیدا کر رہے ہیں۔ گزشتہ چار پانچ دنوں میں درجنوں افراد جبری طور پر لاپتہ کر دیے گئے ہیں، جن میں زیادہ تر تعداد ان طلبہ کی ہے جو پنجاب اور اسلام آباد سے تعلیم حاصل کر چکے ہیں یا اب بھی زیر تعلیم ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## مستونگ کو تاریخی بنیادوں پر قلات ڈویژن سے الگ نہیں کیا جاسکتا، مولانا حیدری

**مستونگ ریاست قلات کا اہم شہر رہا ہے جہاں خان آف قلات کا تاریخی قلعہ موجود ہے جو آج بھی علاقے کی شناخت ہے، رکن قومی اسمبلی**

**اتنا اہم فیصلہ کرتے وقت قومی اسمبلی کے رکن کو اعتماد میں لیا گیا نہ ہی صوبائی اسمبلی کے رکن سے مشاورت کی گئی**

**حکومت فیصلے پر نظر ثانی کرے بصورت دیگر عید کے بعد سیاسی جماعتوں و دیگر اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد سخت ردعمل دیا جائے گا، رہنما جمعیت**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے ضلع مستونگ کو قلات ڈویژن سے نکال کر کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے کے مجوزہ فیصلے کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے صوبائی حکومت سے فوری نظر ثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ضلع مستونگ کو تاریخی، جغرافیائی اور انتظامی بنیادوں پر قلات ڈویژن سے الگ نہیں کیا جاسکتا ان کا کہنا تھا کہ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ ریاست قلات کا ایک اہم شہر رہا ہے جہاں خان آف قلات کا تاریخی قلعہ موجود ہے اور ان کی تعمیر کردہ مساجد اور مدارس آج بھی علاقے کی شناخت ہیں انہوں نے کہا کہ قلات اور مستونگ ماضی میں جڑواں شہر رہے ہیں اور دونوں کے درمیان گہرے تاریخی و ثقافتی روابط قائم ہیں مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ مستونگ کو قلات ڈویژن سے نکال کر کوئٹہ میں شامل کرنا ایک بڑی سازش معلوم ہوتی ہے۔ انہوں نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اتنا اہم فیصلہ کرتے وقت قومی اسمبلی کے رکن کو اعتماد میں لیا گیا نہ ہی صوبائی اسمبلی کے رکن سے مشاورت کی گئی جبکہ ضلع کے عوام کی رائے لینا بھی ضروری نہیں سمجھا گیا ہمارا مطالبہ ہے کہ صوبائی حکومت اور انتظامیہ اس فیصلے کو واپس لے اور اس پر سنجیدگی سے نظر ثانی کرے ورنہ اس سلسلے میں عید کے بعد تمام سیاسی جماعتوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد سخت ردعمل دیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 27 FEB 2026 Page No. 19

# بلوچستان میں کم از کم اجرت کا نوٹیفکیشن جاری نہ ہوسکا، محنت کشوں میں تشویش

## 8 ماہ کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود محکمہ محنت و افرادی قوت کی جانب سے نوٹیفکیشن کا عدم اجرا، حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں کم از کم ماہانہ اجرت کا باضابطہ نوٹیفکیشن تاحال جاری نہ ہونے کے باعث مزدوروں اور لیبر تنظیموں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ محنت کشوں کے نمائندوں کا کہنا ہے کہ دیگر صوبائی حکومتوں اور وفاق کی جانب سے مالی سال 2025-26 کے لیے کم از کم اجرت کے نئے نرخ مقرر کرکے نوٹیفکیشن جاری کردیے گئے ہیں، تاہم بلوچستان میں اس حوالے سے سرکاری اعلان سامنے نہیں آسکا۔ لیبر تنظیموں کے مطابق مہنگائی میں مسلسل اضافے اور روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے باعث محنت کش طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہے۔ ایسے حالات میں کم از کم اجرت پر عملدرآمد نہ ہونا مزدور طبقے کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے۔ محنت کش رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت بلوچستان فوری طور پر کم از کم اجرت کا نوٹیفکیشن جاری کرے تاکہ قانون کے مطابق تمام سرکاری و نجی شعبوں میں مزدوروں کو ان کا جائز حق مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ محنت کشوں کے حقوق کا تحفظ اور مناسب معاشی ریلیف فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

# پنجگور، پی ٹی سی ایل کی ناقص انٹرنیٹ سروس، صارفین کو پریشانی کا سامنا

## پرانے ایکسچینج اور تاروں کی تبدیلی و مرمت نہ ہوسکی، بیٹریاں بھی جواب دے گئیں، جنریٹر نہیں لگایا جاتا، متعلقہ حکام سے توجہ دینے کا مطالبہ

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور میں محکمہ پی ٹی سی ایل کا انٹرنیٹ صارفین کے لیے دردِ سر بن گیا ہے، پرانے بوسیدہ ایکسچینج اور تاروں کی وجہ سے انٹرنیٹ انتہائی سست رفتاری کا شکار ہے پنجگور میں چار پانچ دہائی پہلے جو کیبلز و ڈی پی لگائے گئے تھے پھر دوبارہ بھی مرمت و تبدیل نہیں کیئے گئے، رات کے وقت جب بجلی کا لوڈ شیڈنگ شروع ہوجاتا ہے تو پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بھی غائب رہتا ہے پھر اگلے صبح سورج نکلنے کے بعد سروس بحال ہوجاتی ہے، اسکی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ پرانے بوسیدہ ایکسچینج میں بیٹریاں کمزور ہیں اور جنریٹرز نہیں چلائے جاتے۔ حالانکہ سالانہ کروڑوں روپے لینڈ لائن اور انٹرنیٹ کی مد میں صارفین سے محکمہ پی ٹی سی ایل وصول کر رہا ہے لیکن اسکے باوجود سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہیں پنجگور شہر میں صرف 25 فیصد علاقوں میں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ موجود ہے باقی 75 فیصد علاقوں میں پی ٹی سی ایل سروس موجود نہیں، صارفین نے محکمہ پی ٹی سی ایل سے اپیل کی ہے کہ جسطرح ہمیں ایک گھنٹے کا مہلت نہیں دی جاتی اور بلز جمع نہ کرنے پر فوراً انٹرنیٹ سروس معطل کردیا جاتا ہے تو اسی طرح انٹرنیٹ کی سہولت بھی چوبیس گھنٹے فراہم کی جائے اور پرانے بوسیدہ ایکسچینج و کیبلز کو تبدیل کرکے نئی کیبل کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

# بلوچستان میں تعلیمی بحران سنگین، 58 فیصد بچے سکولوں سے باہر

## پاکستان ادارہ برائے تعلیم نے رپورٹ جاری کردی، ملک بھر میں 2 کروڑ 53 لاکھ سے زائد بچوں کو تعلیمی اداروں تک رسائی حاصل نہیں

## ملک میں 13.41 ملین بچیاں اور 11.96 ملین لڑکے سکولوں سے باہر ہیں، بلوچستان میں صورتحال سب سے زیادہ خراب

لاہور (این این آئی) پاکستان ادارہ برائے تعلیم نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ ملک بھر میں کروڑوں بچے اور بچیاں تاحال سکولوں سے باہر ہیں۔ پاکستان ادارہ برائے تعلیم نے تعلیمی سال 2023-24 کی رپورٹ جاری کی ہے، جس کے مطابق ملک میں 13.41 ملین بچیاں اور 11.96

بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

ملین لڑکے سکولوں سے باہر ہیں، یوں مجموعی طور پر 25.37 ملین بچے اور بچیاں تعلیم سے محروم ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں 2 کروڑ 53 لاکھ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں، پنجاب میں 5 سے 16 سال کی عمر کے 36 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں جبکہ تعداد کے لحاظ سے 9.60 ملین بچے تعلیم سے محروم ہیں۔ سندھ میں 5 سے 16 سال تک کے 42 فیصد بچے اسکولوں سے باہر ہیں، صوبے میں 7.82 ملین بچیاں تعلیم سے محروم ہیں، خیبر پختونخوا میں 29 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں جبکہ 4.92 ملین بچیاں تعلیم حاصل نہیں کر رہیں۔ بلوچستان میں صورتحال سب سے زیادہ تشویشناک ہے جہاں 58 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی 15 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ میں ملک میں تعلیمی بحران کو سنگین قرار دیتے ہوئے فوری اور موثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے تاکہ لاکھوں بچوں کو تعلیم کے بنیادی حق سے محروم ہونے سے بچایا جاسکے۔

# کوہلو، ماہ صیام میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان ضلع کوہلو میں ماہ صیام کے آغاز کے ساتھ ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث من مانے نرخ وصول کیے جارہے ہیں جس سے عوام شدید پریشانی میں مبتلا ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قائم کردہ رمضان سستا بازار بھی شہریوں کو خاطر خواہ ریلیف فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دیتا ہے، عوامی حلقوں کے مطابق سستا بازار میں اشیائے خوردونوش خصوصاً گوشت اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت ہے، جبکہ دستیاب اشیاء بھی عام مارکیٹ کے برابر قیمتوں پر فروخت کی جارہی ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ خودساختہ مہنگائی نے غریب اور سفید پوش طبقے کی کمر توڑ دی ہے، بے روزگاری اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث کئی خاندان دو وقت کی روٹی کے لیے بھی پریشان ہیں، ان کا مزید کہنا تھا کہ سستا بازار محض دو دنوں میں غیر مؤثر ثابت ہوا اور انتظامات ناکافی نظر آتے ہیں، خیال رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رمضان پیکج کا اعلان کیا تھا تاہم بلوچستان ضلع کوہلو کے شہری رمضان پیکج سے محروم ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 6 Dated 27 FEB 2026 Page No 26


## بیلا میں بدترین لوڈشیڈنگ، رمضان المبارک میں شہری اذیت کا شکار

کراچی الیکٹرک کمپنی کی ناقص کارکردگی سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، بجلی کی بحالی کا مطالبہ

**ماہ صیام میں کے الیکٹرک کے ذمہ داران کی بے حسی اور شہریوں کے ساتھ ظالمانہ روش قابل مذمت ہے**

بیلا (یو این اے) بجلی کی لوڈشیڈنگ ماہ صیام میں شہری اذیت سے دوچار بار بار بجلی کی بندش نے کاروباری صارفین سمیت گھریلو صارفین کو بھی مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے کراچی الیکٹرک کی ناقص کارکردگی پر شہریوں کا اظہار برہمی تفصیل کے مطابق بیلا شہر اور مضافاتی علاقوں میں بجلی کی بندش اور مین ٹرانسمشن کی مرمت کے نام پر خود ساختہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں میں کراچی الیکٹرک کی ظالمانہ روش اور ناقص کارکردگی سے شہری عاجز چکے ہیں بار بار بجلی کی بندش اور آنکھ مچولی نہ صرف کاروباری صارفین بلکہ گھریلو صارفین کے لئے بھی کافی پریشانیوں اور اذیت کا سبب بنی ہوی ہے کراچی الیکٹرک کے ظلم اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کے ستائے شہریوں نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اس امر پر گہری تشویش ظاہر کی ہے کہ ماہ صیام میں کے الیکٹرک کے ذمہ داران کی بے حسی اور شہریوں کے ساتھ ظالمانہ روش قابل مذمت ہے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ماہ صیام میں خوف خدا کر کے بجلی کی فراہمی کا نظام بہتر بنا کر شہریوں کو درپیش مشکلات اور پریشانیوں سے نجات دلائی جائے۔

## بلوچستان کے بلدیاتی اداروں کے ملازمین تاحال تنخواہوں و پنشن سے محروم

**رواں ماہ کی تنخواہیں نہیں ملیں، ملازمین کی معاشی مشکلات میں اضافہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن نے احتجاج کی دھمکی دیدی**

محکمہ فنانس کی نااہلی اور محکمہ بلدیات اور بی ایل جی بورڈ کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے ملازمین فاقہ کشی پر مجبور ہیں، خان زمان

**بلوچستان میں صنعتیں اور دیگر روزگار کے مواقع انتہائی کم ہیں، وزیراعلیٰ تنخواہوں و پنشن کی لیٹ ادائیگی کا نوٹس لیں، عابد بٹ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ماہ رمضان کے دوران اندرون بلوچستان میونسپل کمیٹیوں اور میونسپل سروسز دینے والے ملازمین و مزدوروں کو تاحال تنخواہیں اور پنشن ادا نہ ہو سکی، محکمہ فنانس کی نااہلی اور محکمہ بلدیات اور بی ایل جی بورڈ کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے رمضان المبارک میں ہزاروں ملازمین و مزدور دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو گئے، یہ بھی خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ عید الفطر سے قبل بھی بلدیاتی اداروں کے ملازمین و مزدوروں کو تنخواہوں کی ادائیگی ممکن نہیں ہو سکے گی کیونکہ یکم فروری کو ادا کی جانیوالی تنخواہ اور پنشن تاحال ادا نہیں کی گئی بلوچستان لیبر فیڈریشن کا حکومتی اداروں محکمہ فنانس اور بی ایل جی بورڈ کے ناروا رویے اور نااہلی پر شدید برہمی کا اظہار بلوچستان بھر میں میونسپل اداروں میں احتجاج اور اوزار چھوڑ احتجاج شروع کرنے کی کال دینے کی دھمکی دیدی، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان مرکزی سیکرٹری عابد بٹ نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر خزانہ اور سیکرٹری فنانس سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے مخدوش حالات ہیں یہاں صنعتیں اور دیگر کاروباری ادارے اور روزگار کے مواقع انتہائی کم ہیں غریب عوام محنت کش طبقے اور ملازمین کا گزر بسر ان اداروں پر ہی ہے بلوچستان میں غریب ملازمین اور مزدوروں کا معاشی قتل بند کیا جائے اور میونسپل کمیٹیوں اور میونسپل کارپوریشنوں کے ملازمین کو دیگر اداروں اور محکموں کی طرح ہر ماہ تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی یقینی بنائی جائے بصورت دیگر بلوچستان لیبر فیڈریشن کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں شدید احتجاج کی کال دیگی اور میونسپل سروسز فراہم کرنیوالے محنت کشوں اور مزدوروں کے استحصال کی پالیسیوں کیخلاف ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔


INTEKHAB QUETTA


## مستونگ، راشن نہ ملنے کیخلاف خواتین نے مین شاہراہ بند کر دی

**کئی روز سے دفتر کے چکر لگا رہے ہیں، راشن کی فراہمی یقینی بنائی جائے، متاثرہ خواتین**

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ خواتین نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ راشن نہ ملنے کے خلاف قومی شاہراہ پر دھرنا دیکر بلاک کر دیا اور احتجاج کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہو گئی، مستونگ اور ملحقہ علاقوں کی خواتین نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ راشن نہ


بقیہ نمبر 72 صفحہ 5 پر


ملنے کیخلاف کوئٹہ کراچی شاہراہ کو ڈی سی ہاؤس کے سامنے سڑک پر رکاوٹیں رکھ کر بلاک کر دیا جس کی وجہ سے سڑک کے دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ روڈ کی بندش سے مسافروں، ٹرانسپورٹروں اور روزہ داروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہم گزشتہ کئی روز سے ڈپٹی کمشنر کے دفتر راشن کے لئے آ رہے ہیں لیکن راشن فراہم نہیں کیا جا رہا روزہ کی وجہ سے ہمیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہماری وزیراعلیٰ اور متعلقہ حکام سے درخواست ہے کہ ہمیں راشن کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

## کوئٹہ میں تندوروں پر روٹی کے وزن میں کمی کی شکایات

**سرکاری قیمت 40 روپے مقرر ہونے کے باوجود وزن میں کمی قبول نہیں عوامی حلقے**

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں روٹی کی سرکاری قیمت 40 روپے مقرر ہونے کے باوجود تندوروں پر وزن میں کمی کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ فی روٹی کی قیمت 40 روپے کرنے کے اعلان کے ایک ہفتے کے اندر اندر مختلف علاقوں میں روٹی کا وزن کم کر دیا گیا ہے جس سے عوامی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں خصوصاً عالمو چوک، سروے


بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر


144، ایئر پورٹ روڈ اور ملحقہ آبادیوں میں خریداروں نے شکایت کی ہے کہ روٹی پہلے کے مقابلے میں نمایاں طور پر ہلکی ہو چکی ہے، تاہم قیمت بدستور 40 روپے وصول کی جا رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق گھریلو اخراجات میں اضافے کے باعث پہلے ہی مشکلات کا سامنا ہے، ایسے میں روٹی کے وزن میں کمی غریب اور متوسط طبقے پر اضافی بوجھ ڈال رہی ہے۔ شہریوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ قیمت کے ساتھ ساتھ مقررہ وزن پر بھی سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ دوسری جانب چند تندور مالکان کا موقف ہے کہ آٹے، گیس اور دیگر اخراجات میں اضافے کے باعث انہیں مالی دباؤ کا سامنا ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No 7

Dated 27 FEB 2026 Page No. 21

## بلوچستان کابینہ کے اہم فیصلے۔۔۔امن و معیشت کیلئے جامع حکمت عملی منظور

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرِصدارت صوبائی کابینہ کے 23ویں اجلاس میں کیے گئے فیصلے اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ بلوچستان حکومت اب محض انتظامی معاملات تک محدود نہیں بلکہ امن وامان، معاشی استحکام، زرعی ترقی اور ادارہ جاتی اصلاحات کو ایک مربوط حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ کابینہ اجلاس میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی مذمت اور شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنا صرف رسمی کارروائی نہیں بلکہ ایک واضح پیغام ہے کہ بلوچستان میں امن کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبے، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیاں اسی وقت فروغ پا سکتی ہیں جب قومی شاہراہیں، تجارتی راستے اور شہری مراکز محفوظ ہوں۔ بلوچستان کی معیشت بڑی حد تک زراعت سے وابستہ ہے، مگر پانی کی کمی اور موسمیاتی تبدیلیاں اس شعبے کیلئے بڑا خطرہ بن چکی ہیں۔ کابینہ کی جانب سے واٹر کنزرویشن اینڈ پروڈکٹیویٹی انہانسمنٹ ان بلوچستان تھرو کلائمیٹ اسمارٹ ایگریکلچر منصوبے کی منظوری ایک بروقت فیصلہ ہے۔ بلوچستان لینڈ لیز پالیسی 2026 کی منظوری صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے۔ ماضی میں زمینوں کے غیر شفاف استعمال اور قانونی پیچیدگیوں نے معاشی ترقی کو متاثر کیا۔ اگر نئی پالیسی شفافیت، میرٹ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو یقینی بناتی ہے تو صوبہ معدنیات، صنعت اور تجارت کے نئے دور میں داخل ہو سکتا ہے۔ کابینہ کا 0.50 ملین میٹرک ٹن گندم خریدنے کا فیصلہ غذائی تحفظ کے حوالے سے انتہائی اہم ہے۔ عالمی سطح پر خوراک کی غیر یقینی صورتحال کے پیشِ نظر اسٹریٹجک ذخائر قائم کرنا دانشمندانہ اقدام ہے۔ سرکاری گندم میں بے ضابطگیوں پر وزیراعلیٰ کا سخت نوٹس اور پارلیمانی سب کمیٹی کی تشکیل اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ عوامی وسائل کے ضیاع کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بدعنوان عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا اعلان گورننس میں بہتری کی علامت ہے، بشرطیکہ اس پر عملی عملدرآمد بھی نظر آئے۔ بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی سمیت خودمختار اداروں کی تنظیمِ نو کا فیصلہ صوبائی انتظامی ڈھانچے میں اصلاحات کی جانب اہم قدم ہے۔ کئی ادارے برسوں سے مالی خسارے اور انتظامی کمزوری کا شکار رہے ہیں۔ اگر انہیں مرحلہ وار خودکفیل بنایا گیا تو صوبائی خزانے پر دباؤ کم ہوگا اور وسائل ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہو سکیں گے۔ لیویز فورس ترمیمی بل 2025 کے ذریعے رضاکارانہ ریٹائرمنٹ کی سہولت سیکیورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ استعداد کو بہتر بنانے کی کوشش ہے۔ جدید سیکیورٹی تقاضوں کے مطابق فورسز کی تنظیمِ نو بلوچستان جیسے حساس صوبے کیلئے ناگزیر ہو چکی ہے۔ دو روزہ کابینہ اجلاس سے یہ تاثر ابھرتا ہے کہ صوبائی حکومت امن، معیشت، زراعت اور ادارہ جاتی اصلاحات کو ایک دوسرے سے جڑا ہوا سمجھ رہی ہے۔ یہی جدید گورننس کا بنیادی اصول ہے کہ سیکیورٹی، اقتصادی ترقی اور عوامی فلاح کو الگ الگ نہیں بلکہ مشترکہ حکمتِ عملی کے طور پر دیکھا جائے۔ میر سرفراز بگٹی حکومت کے حالیہ فیصلے امید افزا ضرور ہیں۔ امن وامان کی بہتری، زرعی ترقی، غذائی تحفظ، سرمایہ کاری کے فروغ اور ادارہ جاتی اصلاحات کا مشترکہ روڈمیپ بلوچستان کو معاشی خوداعتمادی کی جانب لے جا سکتا ہے۔ اب نظریں اس بات پر ہیں کہ یہ فیصلے فائلوں سے نکل کر عوام کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی کب اور کیسے لاتے ہیں، کیونکہ بلوچستان کی ترقی ہی دراصل پاکستان کی مجموعی ترقی کی ضمانت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 27 FEB 2026 Page No. 23


# کوئٹہ میں منشیات کے عادی افراد کا راج

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جہاں دیگر بڑے مسائل کا شکار ہے وہاں اس میں منشیات کے عادی افراد کی ایک بہت بڑی تعداد دندناتے پھر رہی ہے وہ پورے شہر میں پھیل گئے ہیں ان کی ایک بہت بڑی تعداد کا بسیرہ آج کل جناح روڈ بنا ہوا ہے، جہاں منشیات کے افراد کا جگہ جگہ جمگھٹا لگا رہتا ہے اور وہ سرعام سڑک کے کنارے نشہ کر رہے ہوتے ہیں لیکن ان کو پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔

گزشتہ روز جناح روڈ، فتح خان مارکیٹ میں منشیات کے عادی افراد کی بڑھتی سرگرمیوں اور چوری کی وارداتوں میں اضافے پر تاجروں اور مقامی شہریوں میں شدید تشویش پائی جارہی ہے مقامی سماجی رہنما تاجر حاجی عمران خان عباسی نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے۔ حاجی عمران خان عباسی کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم منشیات عادی افراد نے عباسی ہوٹل کے باہر نصب گیس میٹر توڑ کر لے جانے کی کوشش کی۔ جناح روڈ جیسے مصروف کاروباری علاقے میں اس نوعیت کے واقعات تشویشناک ہیں منشیات کے عادی افراد کھلے عام گھومتے ہیں جس سے نہ صرف تاجروں کا کاروبار متاثر ہورہا ہے بلکہ شہری بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں پولیس اور ضلعی انتظامیہ مبینہ طور پر شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام نظر آرہی ہے تاجروں نے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں پولیس کا گشت بڑھایا اور منشیات فروشوں اور عادی افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اس مقصد کیلئے سی سی ٹی وی کیمروں کی نگرانی کو موثر بنایا جائے تاکہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ منشیات کے عادی افراد کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں سے متعلق مذکورہ بیان قابل تشویش ہے کیونکہ یہ افراد اپنے نشے کو پورا کرنے کیلئے چوریاں کرنے سے نہیں کتراتے وہ اس موقع کی تاڑ میں ہوتے ہیں جیسے ہی ان کو موقع ملتا ہے وہ اشیاء چرالیتے ہیں اوران کو انتہائی کم داموں فروخت کرکے اپنے نشے کیلئے پیسے کا بندوبست کرلیتے ہیں۔

CamScanner

# Safe city authority

The decision by the Balochistan government to establish a modern Safe City Authority marks a pivotal shift in the province's approach to public safety and urban management. Chaired by Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, this high-level initiative signals an overdue recognition that traditional policing must be augmented by the precision of 21st-century technology. In a region where security challenges are often multifaceted and geographically vast, the transition from reactive patrolling to a proactive, tech-driven surveillance framework is not merely an upgrade it is a necessity. By integrating state-of-the-art surveillance cameras and centralized data hubs across major cities, the provincial administration is laying the groundwork for a more resilient security apparatus that can preempt threats rather than just respond to them.

The success of this Authority will depend heavily on its ability to maintain high technological standards while ensuring rapid execution. The promise of "state-of-the-art" equipment is encouraging, but its utility lies in the seamless integration of artificial intelligence, facial recognition, and real-time data analytics. For a province like Balochistan, where infrastructure development often faces logistical hurdles, the Chief Minister's emphasis on a "priority basis" for completion is critical. This project must not become another victim of bureaucratic lethargy; instead, it should serve as a blueprint for modern governance. Beyond the hardware of cameras and control rooms, the Authority must also prioritize the training of specialized personnel who can navigate these sophisticated systems without compromising the civil liberties of the populace.

Ultimately, the establishment of the Safe City Authority is a promise of peace to the people of Balochistan. While the primary goal is the deterrence of crime and terrorism, the secondary benefits ranging from improved traffic management to more efficient emergency response times will significantly enhance the quality of urban life. As the project moves from the Secretariat's meeting rooms to the streets of the province, the government must ensure transparency in its implementation and consistency in its funding. If executed with the promised vigor, this initiative could bridge the gap between current security vulnerabilities and a future where every citizen feels protected by an invisible, yet omnipresent, digital shield. It is hoped that after establishment of Modern Safe City Authority, the crime rate in the provincial capital would drop to a great extent other than incidents of terrorism, street crimes in Quetta city are also a serious issue due to which people are feeling insecure themselves and their properties. This project would help curb crime to great extent and would help law enforcement agencies to eradicate terrorism and other crimes of priority basis.

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 7

Dated: 27 FEB 2026 Page No. 25

# Fighting Terror & Fixing Governance

23th meeting of the Balochistan Cabinet, chaired by Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, was a session of two halves. On one hand, it addressed the grey reality of terrorism, and on the other, it tackled the files of governance. While the cabinet's decisions are welcome, a stray comment from the briefing room has opened a window into a deeper, more frustrating problem: the system's failure to communicate. The cabinet rightly condemned the terrorist incidents of January 31 and paid tribute to the brave martyrs who lost their lives. Solidarity with the affected families is more than a talking point; it is a necessity in a province that has bled too much. The resolve of the government and security forces to completely eliminate terrorism is the only path forward. The decision to make the security of national highways more effective is critical. These roads are the lifelines of the province, and when they are threatened, the entire nation is held hostage. Directing the IG Police to submit a report within seven days shows a sense of urgency that is often missing in bureaucratic proceedings. It suggests that the government is moving from mere rhetoric to actionable timelines.

Beyond the bullet and the bomb, the cabinet also dealt with the stomach. In a practical move, it approved the purchase of 500,000 metric tons of wheat to ensure food security. This is the kind of foresight required to stabilize prices and ensure that the common man is not crushed between inflation and militancy. It was the issue of "irregularities in government wheat" that hinted at the pervasive rot of corruption. By establishing a parliamentary subcommittee for a transparent investigation, the cabinet has signaled that it is willing to look inward. If this committee functions with integrity, it could set a powerful precedent. The approval of the Land Lease Policy and the Public Private Partnership Act 2025 suggests that Balochistan is trying to open its doors for business and development. These are modern tools needed to attract investment and build infrastructure without draining the provincial treasury.

But amidst these heavy policy decisions, a rather telling observation was made by the Aide during a briefing. The comment regarding the directorate general public relations; heart of the matter is simple: a government cannot afford to be shy. In a time of hybrid wars and information warfare, a province like Balochistan needs a powerful, professional, and credible voice. Yet, we are told that due to political appointments, a competent press secretary cannot even be found for the Governor or the Chief Minister. The observation that the department may need to be abolished is radical, but the frustration behind it is valid. A department that cannot perform its basic function is a drain on resources. Whether the statement is taken as official policy or just a moment of candor, the question it raises is worth a thousand debates. The Balochistan Cabinet is fighting a war on terror. But to win the peace, it must also win the war of perception.

CamScanner

# رمضان پیکیج ڈپٹی کمشنرز کی نااہلی عوام سراپا احتجاج

رمضان المبارک میں ریاست کی اصل آزمائش صرف اعلانات سے نہیں بلکہ عمل درآمد سے ہوتی ہے۔ جب مہنگائی عام آدمی کی قوتِ خرید کو متاثر کر رہی ہو تو حکومت کا ہر فلاحی اقدام امید کی کرن بن جاتا ہے۔ اسی تناظر میں میر سرفراز بگٹی کی جانب سے ساڑھے تین لاکھ مستحق خاندانوں کو نو ہزار روپے مالیت کا راشن فراہم کرنے کا اعلان ایک بڑا اور بروقت قدم تھا۔ تقریباً چھ ارب روپے پر مشتمل یہ رمضان پیکج بلاشبہ صوبے کے کمزور اور سفید پوش طبقات کے لیے ریلیف کا ذریعہ بن سکتا ہے۔۔۔ بشرطیکہ یہ صحیح ہاتھوں تک پہنچے۔

صوبائی سطح پر پی ڈی ایم اے بلوچستان نے خریداری اور ترسیل کے عمل کو مکمل کیا۔ اطلاعات کے مطابق دو لاکھ پچیس ہزار سے زائد فوڈ پیکجز اضلاع کے حوالے کیے جا چکے ہیں۔ خریداری شفاف طریقے سے ہوئی، معیار برقرار رکھا گیا اور انتظامی تقاضے پورے کیے گئے۔ یہاں تک تو معاملات درست دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن اصل سوال تقسیم کے مرحلے پر کھڑا ہوتا ہے۔۔۔ اور یہی وہ مقام ہے جہاں مسائل جنم لے رہے ہیں۔

کوئٹہ، چمن، مستونگ، سبی اور کوہلو سمیت مختلف علاقوں میں احتجاجی مظاہرے اس بات کا ثبوت ہیں کہ ضلعی سطح پر کہیں نہ کہیں سنجیدہ خامیاں موجود ہیں۔ خواتین سڑکوں پر نکل آئیں، شہریوں نے سڑکیں بلاک کیں اور ضلعی انتظامیہ کے خلاف شدید ردعمل سامنے آیا۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں۔ جب مستحق طبقہ احتجاج پر مجبور ہو جائے تو اس کا مطلب ہے کہ نظام میں خرابی ہے۔

سب سے تشویشناک بات یہ سامنے آ رہی ہے کہ کئی اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز نے مقامی بلدیاتی نمائندوں، کونسلرز اور یونین ناظمین کو اعتماد میں لیے بغیر دفاتر میں بیٹھ کر فہرستیں مرتب کیں۔ یہ طرزِ عمل نہ صرف غیر جمہوری ہے بلکہ زمینی حقائق سے بھی کٹا ہوا ہے۔ کونسلرز اور یونین سطح کے منتخب نمائندے اپنے علاقوں کے حقیقی مستحقین کو بہتر جانتے ہیں۔ انہیں نظر انداز کر کے بند کمروں میں فہرستیں بنانا شفافیت پر سوال اٹھاتا ہے۔

مزید برآں، بعض اطلاعات یہ بھی گردش کر رہی ہیں کہ بڑے پیمانے پر راشن پیکجز بعض صوبائی وزراء



تحریر:- خلیل احمد

اور ارکانِ اسمبلی کے ذریعے تقسیم کے لیے مختص کیے جا رہے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ انتہائی افسوسناک اور تشویشناک امر ہے۔ رمضان پیکج کسی سیاسی تشہیر یا اثر و رسوخ بڑھانے کا ذریعہ نہیں ہونا چاہیے۔ یہ غریب، یتیم، بیوہ اور سفید پوش طبقے کا حق ہے۔ اگر مستحق افراد محروم رہ جائیں اور راشن سیاسی بنیادوں پر تقسیم ہو تو یہ نہ صرف ناانصافی ہوگی بلکہ حکومت کی ساکھ کو بھی نقصان پہنچائے گی۔

یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ ایسے بڑے منصوبوں میں انتظامی پیچیدگیاں آ سکتی ہیں، مگر بیوروکریسی کی ذمہ داری ہے کہ وہ رکاوٹ نہ بنے بلکہ سہولت کار کا کردار ادا کرے۔ ڈپٹی کمشنرز اگر زمینی سطح پر شفاف اور مشاورتی عمل اختیار کریں، منتخب نمائندوں کو ساتھ بٹھائیں، فہرستوں کو عوامی سطح پر آویزاں کریں اور شکایتی میکانزم فعال کریں تو آدھے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں۔ لیکن اگر دفتر میں بیٹھ کر بند فہرستیں تیار ہوں اور پسند و ناپسند کی بنیاد پر تقسیم ہو تو پھر احتجاج ناگزیر بن جاتا ہے۔

یہاں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے لیے بھی ایک واضح پیغام ہے۔ میر سرفراز بگٹی کو چاہیے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، تمام ڈپٹی کمشنرز کو واضح ہدایات جاری کریں کہ تقسیم کا عمل مکمل شفافیت اور میرٹ پر ہو۔ جہاں شکایات موصول ہوں وہاں انکوائری ہو، اور اگر کسی سطح پر سیاسی مداخلت یا جانبداری ثابت ہو تو کارروائی کی جائے۔ چھ ارب روپے کا یہ پیکج عوامی امانت ہے، اسے کسی بھی صورت ضائع یا متنازع نہیں ہونا چاہیے۔

دوسری طرف بلاجواز تنقید کرنے والے حلقوں کو بھی حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان نے خریداری اور ترسیل کا مرحلہ مکمل کیا ہے اور اب اصل ذمہ داری ضلعی انتظامیہ پر ہے۔ تنقید اگر تعمیری ہو تو قابلِ قبول ہے، مگر محض سیاسی مخالفت کی بنیاد پر اچھے اقدام کو متنازع بنانا مناسب نہیں۔

بس یہی کہا جا سکتا ہے کہ رمضان پیکج ایک نیک نیتی پر مبنی اور عوام دوست اقدام ہے، مگر اس کی اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب راشن حقیقی مستحقین تک پہنچے گا۔۔۔ نہ کہ بااثر افراد کی فہرستوں تک محدود رہے گا۔ اگر بیوروکریسی نے سنجیدگی، شفافیت اور دیانتداری سے کام لیا تو یہ اقدام تاریخ میں ایک کامیاب ماڈل کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ لیکن اگر غفلت، جانبداری اور سیاسی مداخلت جاری رہی تو نہ صرف عوام کا اعتماد مجروح ہوگا بلکہ ایک سنہری موقع بھی ضائع ہو جائے گا۔ اب فیصلہ ضلعی انتظامیہ کے ہاتھ میں ہے کہ وہ اس امتحان میں سرخرو ہوتی ہے یا نہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta


No. 7

Dated: 27 FEB 2026 Page No. 27


# ''ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) عوامی خدمت میں پیش پیش''


نسیم الحق زاہدی


ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے جنوبی بلوچستان میں سیکیورٹی ذمہ داریوں کی موثر ادائیگی کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کے میدان میں بھی ایک کلیدی اور نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ جنوبی بلوچستان جیسے وسیع، حساس اور اہم علاقے میں امن کے قیام کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود کو یکساں اہمیت دینا ایک ذمہ دارانہ اور مدبرانہ طرزِ عمل کی روشن مثال ہے۔ اسی جامع حکمت عملی کے تحت ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ترقی، استحکام اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ جنوبی بلوچستان میں قومی اہمیت کے حامل منصوبے جن میں سی پیک، سینڈک، ریکوڈک، سہدل اور دودر کے کاپر اور گولڈ مائن اور دیگر منصوبے شامل ہیں، جو ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں میرانی ڈیم، تیک ڈیم، کیشکور ڈیم، گرک ڈیم، شادی کور ڈیم اور شاہک ڈیم جیسے اہم آبی منصوبوں کی سیکیورٹی کو یقینی بنانا ایک بنیادی ذمہ داری ہے، مگر اس کے ساتھ ساتھ مقامی آبادی کی فلاح و بہبود، ان کی ضروریات کا خیال اور ان کے ساتھ مضبوط روابط قائم رکھنا بھی اتنا ہی اہم ہے۔ چنانچہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ان دونوں پہلوؤں کو یکجا کرتے ہوئے عملی اقدامات کو ترجیح دی اور سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ خدمت انسانیت کو بھی اپنا شعار بنایا۔ اسی خدمت کے تسلسل میں صرف ماہ جنوری 2026 کے دوران جنوبی بلوچستان کے دورافتادہ اور پسماندہ علاقوں میں 298 فری میڈیکل کیمپوں کا انعقاد ایک نمایاں اور قابل تحسین مثال ہے، جہاں ہزاروں مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی گئیں، جن میں خواتین، بچے، بزرگ اور مرد شامل تھے۔ ان کیمپوں میں ماہر ڈاکٹرز کی خدمات، خواتین کے لیے خصوصاً گائناکالوجسٹ کی موجودگی، ادویات کی مفت فراہمی اور بنیادی ٹیسٹوں کی سہولت نے صحت کے حوالے سے فوری ریلیف فراہم کیا۔ دور دراز بستیوں میں رہنے والے افراد کے لیے یہ کیمپ کسی بڑی



نعمت سے کم نہ تھے۔ طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ عوامی مسائل کے حل اور باہمی رابطے کو مضبوط بنانے پر بھی خصوصی توجہ دی گئی۔ اسی مقصد کے تحت جنوری میں 48 جرگوں اور کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ جن میں مقامی عمائدین، معززین علاقہ، خواتین، طلبہ، نوجوانوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی اور اپنے مسائل براہ راست پیش کیے۔ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے شکایات کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات نے عوام اور ایف سی کے درمیان اعتماد کو مزید مستحکم کیا۔ یہ سلسلہ اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ مقامی سطح پر مشاورت اور رابطہ ہی پائیدار استحکام کی بنیاد بنتا ہے۔ اسی طرح نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا بھی ترجیحات میں شامل رہا۔ اس سلسلے میں گزشتہ ایک ماہ میں جنوبی بلوچستان بھر میں 38 مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ کرکٹ، فٹ بال اور دیگر کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں کو صحت مند ماحول فراہم کیا گیا، جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکیں۔ کھیل نہ صرف جسمانی نشوونما کا موثر ذریعہ ہیں بلکہ نظم و ضبط، برداشت اور ٹیم ورک جیسی خصوصیات کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ ان سرگرمیوں نے نوجوانوں میں جوش و جذبہ پیدا کیا اور انہیں تعمیری سرگرمیوں سے وابستہ رکھا اور معاشی ہم آہنگی کو تقویت دی۔ سماجی ذمہ داری کے احساس کے تحت سرد موسم میں 1500 سے زائد مستحق افراد میں گرم کپڑوں کی تقسیم بھی ایک اہم اقدام تھا۔ شالیں، ٹوپیاں، جرسیاں اور جوتے جیسی اشیاء نے ضرورت مند خاندانوں کو موسم سرما کی سختیوں سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ اقدام کمزور اور نادار طبقات کے ساتھ عملی یکجہتی اور احساسِ ہمدردی اور معاشرتی ذمہ داری کا مظہر ہے، جس کے ذریعے انہیں سہارا فراہم کیا گیا۔ سماجی بہبود کے ساتھ ساتھ تعلیمی میدان میں بھی عملی اقدامات کیے گئے۔ مختلف اسکولوں کی تزئین و آرائش اور بنیادی سہولیات کی بہتری کا کام کیا گیا، جس سے تعلیمی ماحول میں واضح بہتری آئی۔ صاف ستھرا اور منظم ماحول طلبہ میں سیکھنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ جب اسکولوں کی عمارتیں اور سہولیات بہتر ہوتی ہیں تو اس کا مثبت اثر براہِ راست بچوں کی کارکردگی اور اعتماد پر پڑتا ہے۔ یہ اقدامات اس حقیقت کو تقویت دیتے ہیں کہ تعلیم کے فروغ کے بغیر کسی بھی علاقے کی ترقی ممکن نہیں۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی بلوچ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع سے متعلق سیمینار کا انعقاد تھا، جس میں نوجوانوں کو یہ آگاہی فراہم کی گئی کہ جنوبی بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے روزگار کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہیں مختلف شعبہ جات، مہارتوں اور مواقع کے بارے میں رہنمائی فراہم کی گئی تاکہ مستقبل کے حوالے سے واضح سمت اختیار کر سکیں۔ اس نوعیت کی رہنمائی نوجوانوں کو عملی میدان میں آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتی ہے اور انہیں تعمیری کردار ادا کرنے ترغیب فراہم کرتی ہے۔ مزید برآں رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بیواؤں، یتیموں اور سیکڑوں مستحق خاندانوں میں رمضان پیکیج تقسیم کیا گیا۔ بنیادی اشیائے خورد و نوش کی فراہمی نے ضرورت مند خاندانوں کو باعزت طریقے سے روزے رکھنے کا موقع دیا۔ یہ اقدام معاشرتی ہم آہنگی اور خدمت خلق کی روشن مثال ہے، جس کے ذریعے مستحق طبقات کی ضروریات کا خیال رکھا گیا۔ اسی خدمت کے تسلسل میں پنجگور کے علاقے غریب آباد میں حضرت شاہو قلندر کا دربار جو طویل عرصے سے عدم توجہی کی وجہ سے خستہ حالی کا شکار ہو کر کھنڈرات کی صورت اختیار کر چکا تھا، اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اس کی از سر نو تزئین و آرائش کا کام بھی انجام دیا گیا۔ اس اقدام نے مذہبی اور ثقافتی وابستگی کے اظہار کو تقویت دی اور مقامی سطح پر مثبت اثرات مرتب کیے۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اپنی تعیناتی کے علاقوں میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ عوامی خدمت کو بھی بھرپور، منظم اور مربوط انداز میں آگے بڑھایا ہے۔ صحت، تعلیم، کھیل، سماجی بہبود اور روزگار کے شعبوں میں کی جانے والی سرگرمیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے عوامی خدمت کو اپنے فرائض کا لازمی حصہ بنایا ہے۔ بلاشبہ ملک کی بقا و سلامتی ہو یا دہشت گردی کے سائے ہوں یا پھر کسی بھی قسم کی قدرتی آفات، ایف سی (ساؤتھ) کے جوانوں نے ہمیشہ لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھ کر بلوچ بھائیوں کی مدد کی ہے۔ اور ایسے منصوبوں کا آغاز کیا جس سے یہاں کے نوجوان اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر ملکی اور عوامی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکے۔